موجودہ حکومت نے بھٹو شاہی کے ظلم و ستم، لوٹ مار اور دوسری بدعنوانیوں کا پول کھولنے کے لیے قرطاسِ ابیض کے جس سلسلے کی اشاعت شروع کر رکھی ہے، اس کی تیسری کڑی کے پہلے حصے میں کروڑوں روپے کے ان کھلے ناجائز اخراجات اور مالی ہیرپھیر کی نوعیت پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے، جو نام نہاد "خادمِ عوام" کے دورِ حکومت میں بھٹو خاندان پر قوم کے خزانے سے روا رکھے گئے۔ یہ شرمناک اور ناقابلِ معافی کوائف سب کے سب نئے نہیں ہیں، بلکہ اس سے قبل بھی قرطاسِ ابیض کی پہلی دو کڑیوں اور بعض دوسری سرکاری دستاویزات کے ذریعے منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔ اس تفصیل کی اشاعت لوگوں کو مستند حقائق سے باخبر کرنے کے نقطۂ نظر سے بلاشبہ ضروری اور مفید ہے، لیکن یہ بات بھی ملک کے ہر حصے کے بے شمار لوگوں کی زبان پر ایک اہم سوال بنی ہوئی ہے کہ سابق وزیرِ اعظم، ان کے اہلِ خاندان اور ان کے بعض وزیروں کی بھی لوٹ مار کے ثبوت بھی موجود ہیں، اب تک اس کی بازیابی کا کیا اہتمام کیا گیا ہے! اور اس ضروری — قانونی، قومی اور اخلاقی — فرض کو ادا کرنے میں جو تاخیر ہوئی ہے، اس کی تلافی کس طرح کی جائے گی؟

یہ درست ہے کہ کسی سیاسی رہنما یا اعلیٰ عہدیدار کی اصلیت بے نقاب کر دینا بھی اس کے لیے کوئی معمولی سزا نہیں ہوتی، بشرطیکہ ان میں غیرت و حمیت کی رمق بھی موجود ہو، تو وہ شرم سے ڈوب مرتے ہیں یا ندامت کی وجہ سے گوشہ گیر ہو کر رہ جاتے ہیں، لیکن بھٹو شاہی میں لوٹ مار کا نشانہ چونکہ عوامی خزانہ بنایا گیا تھا، اس لیے احتساب اور انصاف کے تقاضے اس وقت تک کماحقہٗ پورے نہیں ہو سکتے، جب تک ناجائز اور بے قاعدہ اخراجات کا ایک ایک پیسہ سب سیاسی ڈاکوؤں اور عہدیداروں سے واپس لینے کا اہتمام نہیں کیا جاتا۔ یہ حقیقت تو کم و بیش سوا ڈیڑھ سال پہلے ہی سامنے آ گئی تھی کہ سابق وزیرِ اعظم نے لاڑکانہ اور کراچی میں اپنے بنگلوں پر ۹۰-۱۰ لاکھ روپے ناجائز طور پر خرچ کیے تھے۔ اسی طرح یہ بات بھی سربستہ راز نہیں رہی تھی کہ بھٹو خاندان نے انکم ٹیکس، ایکسپورٹ ڈیوٹی، زرِ مبادلہ کے قواعد وغیرہ سے انحراف کر کے قومی خزانے کو کتنا نقصان پہنچایا ہے؟ اسی طرح ان خطیر اخراجات (ساڑھے ستر لاکھ) کی تفصیل بھی سامنے آ چکی ہے، جو لاڑکانہ میں نصرت بھٹو زرعی فارم میں ٹیوب ویلوں، سڑکوں، نالیوں وغیرہ کے سلسلے میں سرکاری خزانے سے کیے گئے تھے۔ آخر اس ناجائز خرچ اور مالی ہیرپھیر کی بازیابی کے لیے اب تک کوئی مثبت اور نتیجہ خیز کارروائی کیوں نہیں کی گئی؟ اس بنیادی قانونی فرض کو ادا کرنے میں تاخیر کا ہی یہ نتیجہ نکلا ہے کہ بھٹو کے وابستگان اور نام لیوا نہ صرف اپنے کیفرِ کردار تک نہیں پہنچے، بلکہ وہ بڑی بے شرمی اور ڈھٹائی سے کام لے کر "دھوئے گئے ہم ایسے کہ بس پاک ہو گئے" کے نعرے لگانے کی جسارت کرتے نظر آتے ہیں۔ قانون کے تحت احتساب اور انصاف میں اس تاخیر کا ایک بالواسطہ نتیجہ اور نفسیاتی اثر یہ بھی ہو رہا ہے کہ بعض حلقے اس سے غلط قسم کے نتائج اخذ کرنے کے رجحان سے بھی مغلوب ہو جاتے ہیں، اور قومی سطح پر بھی اس کی وجہ سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ ہم ایک عجیب قوم اور انوکھا ملک ہیں کہ ایک ایسا شخص، جس کی پاکستانی شہریت بھی مشکوک ہے، وہ خوشامد کر کے پہلے وزیر بن جاتا ہے، اور پھر مکر کا چکر چلا کر اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز ہو جاتا ہے۔ وہ اس دوران میں ظلم و ستم کے نئے نئے طریقے ایجاد کرتا ہے۔ قومی املاک کی کھلی لوٹ مار میں کوئی شرم اور ندامت محسوس نہیں کرتا، اس کے شرمناک کردار اور دھاندلیوں کی مستند تفصیل بھی سامنے آ جاتی ہے، لیکن اُس کے حالی موالی اور نام لیوا بدستور دندناتے پھرتے ہیں۔ یہ شاید ایسی ہی غفلت اور کوتاہی کی سزا ہے کہ ہم ۳۱-۳۲ برس گزر جانے کے بعد بھی صحیح معنوں میں نہ قوم بن سکے ہیں، اور نہ ہمارے ملک کا وہ اصل کردار اجاگر ہو سکا ہے، جس کی خاطر ایک عہد آفریں تحریک کے نتیجے میں یہ معرضِ وجود میں آیا تھا۔ جو قوم اپنے معاملات کی پوری طرح نگرانی نہ کرے، اور کھلے بلکہ مستند بدعنوان رہنماؤں کا احتساب نہ کرے، اسے پھر دیر جاری قیمت ادا کرنی پڑتی ہے، جو اس وقت بحیثیت قوم و ملک ادا کر رہے ہیں کہ اقتصادی وسائل کی کمی نہیں، مال و دولت دنیا کی بھی فراوانی ہے، ملک کے باشندے بڑی محنت کرنے والے بھی ہیں، لیکن ملک سیاسی و اقتصادی جمود اور استحصال کا شکار ہے اور جیالے اور بدعنوان عناصر کا پوری طرح بے نقاب ہونے کے باوجود احتساب نہیں کیا جاتا، یہی وجہ ہے کہ اب بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں ہے، جو بھٹو شاہی کے ظلم و ستم اور لوٹ مار کے مستند اور مصدقہ حقائق کو بھی پروپیگنڈہ قرار دینے کا کھلا اعلان و اظہار کرتے ہیں۔

موجودہ حکومت کو، جس نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ احتساب کا اہتمام شروع کیا ہے، اس پہلو کو بھی سنجیدگی کے ساتھ پیشِ نظر رکھنا چاہیے۔ وہ بھٹو دور کی بداعمالیوں اور بے قاعدگیوں کے بارے میں اس سے قبل گزشتہ برس بھی دو قرطاسِ ابیض شائع کر چکی ہے۔ لیکن اسے بنیاد بنا کر اب تک کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے؟ اس نے انہیں بھٹو شاہی میں زیادتیوں، بے قاعدگیوں اور بدعنوانیوں کے انکشاف کے ساتھ اُن کے مرتکب عناصر کو بھی کسی رعایت اور نرمی و مروت کے بغیر سیاسی احتساب کے کٹہرے میں کھڑا کر کے کیفرِ کردار تک پہنچانے میں اب مزید تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ ظالم اور ڈاکو جس قدر جلد اپنے کیے کی سزا پائیں گے، کسی بھی وجہ یا مفاد کے باعث ان سے بچ نکلنے والوں کی بھی اسی قدر جلد آنکھیں کھل جائیں گی۔ اگر کسی وجہ سے یہ گمراہ لوگ حقائق پر دل سے ایمان نہیں لائیں گے، تو بھی انہیں زبانوں سے ظلم و استحصال کے دور اور مظہر کی مدح خوانی کا یارا نہیں رہے گا۔

(روزنامہ نوائے وقت لاہور)



کراچی سنٹرل جیل

مجھے محض شک کی بنا پر جیل میں ڈال دیا گیا: تمام پریسوں کو جسارت نہ چھاپنے کی ہدایت کی گئی

ظلم کی داستانیں

صلاح الدین مدیر جسارت کی زبانی

اسلام آباد ۱۵ جنوری (ریڈیو رپورٹ) جب روزنامہ جسارت میں بھٹو کی شراب نوشی کی خبر شائع کرنے پر بکس اپ کرنے کی دھمکیاں دی گئیں، دفتر روزنامہ جسارت پر مسلح حملہ کیا گیا، کراچی کے تمام پریسوں کو جسارت نہ چھاپنے کی ہدایت کی گئی اور ایک پریس کے مالک کو اخبار چھاپنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ جسارت کا ڈیکلریشن منسوخ کیا گیا، الطاف گوہر کو مجھے کام سے روکنے کا حکم دیا گیا اور الطاف قریشی کی گرفتاری پر اردو ڈائجسٹ کا اداریہ لکھنے پر تین روز بعد مجھے جیل میں پھینک دیا گیا۔ [illegible] جاتا اور ہماری رہائی کے حکم پر جیل میں ہی دستخط کروائے جاتے تھے۔ [illegible] سامنے ایک قیدی کو بے تحاشا پیٹا گیا [illegible] پڑا۔ ہوم سیکرٹری نے جیل میں آ کر جبراً دستخط کروائے اور میرے خلاف ۵۰ مقدمے درج کروائے گئے۔ یہ باتیں پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے پروگرام "ظلم کی داستانیں" میں کراچی کے روزنامہ جسارت کے ایڈیٹر مسٹر صلاح الدین نے بتائیں۔

روزنامہ جسارت کے مدیر مسٹر صلاح الدین نے کہا کہ بھٹو دورِ حکومت میں ہم پر بار بار عتاب کی وجہ اور ہمارا اصل قصور یہ تھا کہ ہم سمجھتے تھے کہ ۱۹۷۰ء کے انتخاب میں جو سیاسی پارٹیاں برسرِ اقتدار آئیں وہ قومی حیثیت نہیں رکھتیں بلکہ علاقائی نوعیت کی ہیں اور ان کی موجودگی میں ملک کا تقسیم ہونا ناگزیر تھا اور اس میں بھٹو کا کردار بڑا اہم تھا۔ چنانچہ ہم نے دیانت داری کے ساتھ اپنی ان آراء کا اظہار کیا۔ ہم نے اپنی یہ بات قوم تک پہنچانا اپنا فرض سمجھا اور ۱۷ اگست ۱۹۷۰ء میں جب جسارت جاری ہوا تو ہم نے اپنی خبروں، مضامین اور اداریوں میں قوم کو [illegible] اور اصل تصویر دکھانے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ جب ہم نے بھٹو کی اصل تصویر قوم کے سامنے پیش کی تو وہ انتہائی مشتعل ہو گیا۔ اس کی طبیعت پر یہ بات نہایت ہی ناگوار گزری۔ بھٹو اور اس کے ساتھیوں نے ہمیں کھلے عام بکس اپ کرنے کی دھمکیاں دیں۔ چنانچہ سکھر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے [illegible] نے ۲۲ جولائی ۱۹۷۰ء کو کہا کہ ہم جسارت اور اس کے رپورٹروں کو بکس اپ کر دیں گے۔ اس کے بعد واقعی ہمارے دفاتر پر سرکاری سرپرستی میں [illegible] بند کر دیے گئے اور بار بار گھیراؤ کر کے [illegible] گیا۔ جب ہم نے یہ مرحلہ بھی بڑی استقامت کے ساتھ گزارا اور اس دشمنی کا مقابلہ کیا اور اخبار کا تیار کرنے کے ان حربوں کا مقابلہ کیا اور ہم جو رائے رکھتے تھے پوری جرأت سے اس کا اظہار کیا اور حکومت نے دیکھا کہ یہ حربہ کارگر ثابت نہیں ہوا، تو ہمیں ہزار روپے کی ضمانت داخل کرنے کو کہا گیا۔ جب ہم اس سے بھی گزر گئے تو ضمانت زیادہ سے زیادہ اپنے [illegible] بار بار بھٹو کے حوالے سے بھٹو کی شراب نوشی کی جو خبر دی تھی وہ بڑی ہی اشتعال انگیز تھی اگر تم بھی ان حرکتوں سے باز نہ آئے تو ہمارے ۵ ہزار جیالے تمہارا دماغ درست کر دیں گے۔ میں نے کہا جب آپ کو ایسے ہتھکنڈے معلوم [illegible] بلوایا گیا [illegible] چنانچہ اس کے کچھ دن بعد روزنامہ جسارت پر مسلح حملہ کیا گیا ہمارے سامان اور ساتھیوں کو جلا دیا گیا چھاپہ خانے کو جلا دیا گیا اور ہمارے دفتر کی پہلی منزل میں واقع اخبار کے ریکارڈ روم کو آگ لگا دی گئی جس سے سارا مواد جل کر راکھ ہو گیا۔

مسٹر صلاح الدین نے کہا کہ جب بھٹو نے محسوس کیا کہ روز ان کی خبر نمایاں ہوتی ہے اور ہماری روش میں کوئی فرق واقع نہیں ہوا ہے تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ جسارت کے ایڈیٹر کو گرفتار کیا جائے چنانچہ مجھے اس دفتر سے اسی جگہ سے گرفتار کیا گیا بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہے کہ اغوا کیا گیا۔ حالانکہ چند پولیس والے میرے دفتر آئے اور انہوں نے مجھے کہا کہ تھانہ سول لائن چلئے میں نے وجہ پوچھی تو بہت سے حیلوں بہانوں سے کام لیا گیا جب میں نے وضاحت چاہی تو انہوں نے کہا کہ صاف بات یہ ہے کہ ہم آپ کو گرفتار کرنے آئے ہیں میں نے کہا کہ میری گرفتاری کے لئے وارنٹ دکھائیے تو انہوں نے کہا ہم تمہیں ڈی پی آر کے تحت گرفتار کرنے کے لئے آئے ہیں اس کے لئے وارنٹ کی ضرورت نہیں چنانچہ وہ مجھے گرفتار کر کے لے گئے۔

مسٹر صلاح الدین نے کہا کہ حکومت نے جسارت کو ۸ بار بند کیا پہلی بار ۲۴ دسمبر کو جسارت بند کیا گیا مگر ہر بار جب عدالت نے حکومت کے اقدام کو غیر قانونی قرار دیا تو انہوں نے اخبار کو مستقلاً بند کر دینے کا فیصلہ کیا چنانچہ ۴ جولائی ۱۹۷۴ء کو آخری بار اخبار کو بند کر دیا گیا۔ صلاح الدین نے کہا کہ اس کے لئے حکومت نے یہ حربہ اختیار کیا کہ عدالت کی اجازت کے بعد پریس والوں کو مجبور کیا جائے کہ وہ اخبار شائع نہ کریں چنانچہ اگر ۱۲ ماہ تک اخبار شائع نہ ہو گا تو اخبار کا ڈیکلریشن خود بخود ختم ہو جائے گا۔ چنانچہ حکومت نے کراچی کے ہر پریس کو حکم دیا کہ اگر انہوں نے جسارت کو چھاپا تو ان کا پریس ضبط کر لیا جائے گا۔ یہ حکم ٹیلی فون پر دیا گیا ہم نے جس بھی پریس کو اخبار چھاپنے کو کہا اس نے کہا کہ ہمیں ٹیلی فون پر جسارت نہ چھاپنے کا حکم اور دھمکیاں دی گئیں۔ چنانچہ بڑی تگ و دو کے بعد ہم نے لیاقت آباد کراچی میں ایک چھوٹے سے پریس حقی پرنٹنگ پریس سے رابطہ قائم کیا انہوں نے کہا کہ آپ کے کاغذات میں کوئی ایسی بات نہیں کہ اخبار شائع نہ کیا جائے ہم نے مسٹر حقی کو تمام صورتِ حال سے مطلع کیا کہ جا بجا اخبار چھاپنے سے کیا نتائج برآمد ہو سکتے ہیں چنانچہ انہوں نے جسارت اخبار کی ذمہ داری چھاپ دی اس پر متعلقہ حکام کو سخت حیرت ہوئی اور پریس کے مالک مسٹر حقی کو سخت دھمکیاں دی گئیں مگر جب دوبارہ وہی چھپی تو ان کا پریس بند کر دیا گیا اور حقی صاحب جو کہ ایک ضعیف آدمی ہیں انہیں گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا جن کو بعد میں ہم نے ضمانت پر رہا کروایا۔ اس پر جسارت کو چھاپنے پر کوئی تیار نہ ہوا۔ اور ۱۲ دن کے بعد اطلاع ملی کہ اخبار کا ڈیکلریشن منسوخ ہو گیا۔

مسٹر صلاح الدین نے کہا کہ یہ ایک مضحکہ خیز کارروائی تھی ایک طرف تو اخبار نہ چھاپنے کی ہر پریس کو ہدایت کی گئی اور دوسری طرف اخبار نہ چھاپنے کی ذمہ داری بھی ہم پر ڈال کر اخبار کا ڈیکلریشن منسوخ کر دیا گیا ہم نے اس سلسلے میں عدالتوں میں متعدد اپیلیں کیں مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی چنانچہ ۴ جولائی ۱۹۷۴ء کو اخبار آخری بار بند ہوا اور بھٹو کے دورِ حکومت میں بند رہا۔

مسٹر صلاح الدین نے کہا مسٹر الطاف قریشی مدیر اردو ڈائجسٹ کی گرفتاری کے بعد مجھے لاہور سے فون پر کہا گیا کہ آپ اردو ڈائجسٹ کا اداریہ "ہم کہاں کھڑے ہیں" لکھئے چنانچہ ۲۴ جون ۱۹۷۶ء کو میں نے اداریہ لکھا اس پر بھٹو نے کہا کہ ہم نے جسارت کو بند اور الطاف قریشی کو اس لئے گرفتار کیا کہ یہ دونوں ادارے اس کا اداریہ لکھے چنانچہ ہم صلاح الدین کو بھی پکڑیں گے چنانچہ تین روز بعد مجھے چند افراد کے درمیان اشتعال انگیز تقریر کرنے کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا۔

نورِ ہدایت

میاں عبدالرشید

سورۂ محمد

یوں تو سارا قرآن پاک ہی الحمد سے والناس تک جناب رسولِ پاک کے ذکر سے بھرا ہوا ہے۔ مگر اس سورۃ اور اس کے بعد کی دو سورتوں (سورۃ الفتح اور سورۃ الحجرات) میں حضور اکرم کا خاص طور سے ذکر ہے۔

سورۃ کا ماحصل یہ ہے کہ حضورؐ معیارِ مطلق ہیں۔ جو شخص دل و جان سے آپؐ کے ساتھ لگ گیا (مومن) اس نے فلاح پائی۔ جس نے حضورؐ کی مخالفت کی (کفار) ان کے اعمال ضائع گئے۔ جو منافقت سے حضورؐ کے ساتھ ہو گئے ان کا انجام برا ہوا۔

سورۃ کا آغاز ہی اس اعلان سے ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے جناب رسولِ پاک پر ایمان لانے سے انکار کیا، ان کے اعمال کالعدم کر دیئے گئے۔ اور جو حضورؐ پر ایمان لائے ان کے گناہ ان سے دور کر دیئے گئے۔ اور ان کے احوال درست کر دیئے گئے۔

اس سورۃ کی خاص بات منافقین کا بالتفصیل ذکر ہے۔ ان کے طرزِ عمل کا پورا نقشہ کھینچ دیا اور ان کی نشانیاں واضح طور پر بیان فرما دیں۔ پھر فرمایا کہ ان کا انجام برا ہے۔ ان پر اللہ کی لعنت ہے، وہ سننے، دیکھنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں سے محروم ہو چکے ہیں۔ اُن کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے۔ منافق وہ ہے جو حضورؐ کی پوری اطاعت نہ کرے۔ بعض باتوں کو مان لے بعض کو چھوڑ دے۔ حضورؐ کے دشمنوں سے بھی ساز باز رکھے۔ آپؐ جنگ کا حکم دیں تو اس سے جی چرائے۔ آنحضورؐ مال خرچ کرنے کے لیے فرمائیں تو بیر وتی کرے۔

مومنوں سے فرمایا کہ وہ کافروں اور منافقوں سے کہیں برتر ہیں۔ اس لیے انہیں ان سے دبنے کی ضرورت نہیں بلکہ انہیں چاہیے کہ وہ سختی سے ان کا مقابلہ کریں۔ اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ کی مدد کرنا ہے۔ یعنی اللہ کے منشائے مبارک کو بروئے کار لانا ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کی مدد کرتے اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں۔ (آیہ ۷)

آیت ۱۷ میں ایک بنیادی اصول بیان فرمایا کہ جو لوگ ہدایت کی راہ اختیار کرتے ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ فرماتے ہیں۔ اور انہیں تقویٰ یعنی برائی سے بچنے کا ذوق عطا فرماتے ہیں۔

شیعہ سُنّی اتحاد

بہت دن ہم نے باہم کشمکش کی کالی راتیں کیں
مفادِ عالمِ اسلام کے برعکس گھاتیں کیں
ہوا ہے اتحادِ شیعہ و سُنّی کا پھر چرچا
خمینی کے نمائندوں نے مودودی سے باتیں کیں

وقار انبالوی

دنیا کی کوئی طاقت پاک چین دوستی کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتی

بھارت کے ساتھ تعلقات میں مسئلہ کشمیر بڑی رکاوٹ ہے

جموں و کشمیر کے عوام کے حق خود اختیاری کی حمایت جاری رہے گی

بیرونی مداخلت اور تسلط کے خلاف مشترکہ جدوجہد جاری رہے گی۔ لی سین نین

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ پاکستان کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا اور نہ ہی اپنے اندرونی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت کو برداشت کرے گا۔ وہ آج عوامی جمہوریہ چین کے نائب وزیر اعظم مسٹر لی سین نین کے اعزاز میں دی گئی ضیافت میں تقریر کر رہے تھے۔ صدر نے کہا کہ پاکستان کسی بھی طاقت کے زیر اثر ...

ولی خاں نے صدر ضیاء الحق سے دو گھنٹے بات چیت کی

ملاقات کے بعد واپس پشاور چلے گئے۔

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر خان عبدالولی خاں نے آج شام صدر جنرل ضیاء الحق سے اہم ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے یہ ملاقات قریباً دو گھنٹے جاری رہی اور اس میں اہم ملکی حالات پر تبادلہ خیال ہوا۔ ولی خاں اس ملاقات کے لیے پشاور سے سیدھے صدر سے ملاقات کے لیے گئے اور ملاقات کے بعد واپس پشاور چلے گئے۔ یاد رہے گزشتہ دنوں خان ولی خاں نے تجویز پیش کی کہ اہم ملکی و بین الاقوامی معاملات پر غور کے لیے فوری طور پر تمام سیاست دانوں کی گول میز کانفرنس بلائی جائے۔ اس کے علاوہ انہوں نے حجاب کی رفتار پر بھی نکتہ چینی کی تھی۔

میں بھارت کا شہری ہوں

بھٹو کا دہلی ہائیکورٹ میں ۱۱ اپریل ۱۹۵۶ء کو حلفیہ بیان

حکومت پاکستان نے قرطاس ابیض میں بھٹو کے حلفیہ بیان کی مصدقہ نقل شائع کردی

اسلام آباد ۔۔۔۔۔ حکومت پاکستان نے جو قرطاس ابیض معزول وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت کی کارکردگی کے بارے میں شائع کیا ہے اس میں مسٹر بھٹو کے اس حلفیہ بیان کی مصدقہ نقل بھی شامل ہے جو انہوں نے ۱۱ اپریل ۱۹۵۶ء کو دہلی ہائیکورٹ میں داخل کیا۔ جس میں انہوں نے حلفیہ طور پر بیان کیا کہ وہ بمبئی کے شہری ہیں اور ۱۹۴۷ء کے بعد سے انہوں نے کبھی پاکستان کے کسی حصہ میں مستقل سکونت اختیار نہیں کی۔ انہوں نے اپنے اس حلفیہ بیان میں کہا ہے کہ وہ چند سال کے بچے تھے جب سے وہ بھارت کے حصے بمبئی میں رہ رہے ہیں۔ ...

بھٹو کے پیش کردہ گوشواروں کے مطابق ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۷ء تک ان کی دولت میں ۴۲ لاکھ ۴۲ ہزار روپے کا اضافہ ہوا

اسلام آباد ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے بطور صدر کی حیثیت سے اور وزیر اعظم کی حیثیت سے سرکاری خزانے سے تنخواہ وصول کی ان کا دعویٰ ہے کہ اس تمام عرصے ...

سقوط ڈھاکہ کے متعلق رپورٹ کی اشاعت بہت ضروری ہے: جسٹس حمود الرحمٰن

کراچی ۔۔۔۔۔ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس مسٹر جسٹس حمود الرحمٰن نے کہا ہے کہ سقوط ڈھاکہ کے متعلق رپورٹ کی اشاعت بہت ضروری ہے کیونکہ اس سے عوام کو صحیح صورتحال کا اندازہ ہو سکے گا ...

پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کرنے کے ابتدائی اقدامات پر اطمینان کا اظہار مسرت

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان میں نظام اسلام کے نفاذ کے سلسلے میں جو ابتدائی اقدامات کئے گئے ہیں ان پر ... نے اپنی خوشی کا اظہار کیا ہے ...

افغان سفارت خانہ کے ایک افسر نے پاکستان سے سیاسی پناہ طلب کر لی۔

کراچی ۔۔۔۔۔ (پی پی اے) پاکستان میں متعینہ افغان سفارت خانے کے ایک اعلیٰ افسر نے حکومت پاکستان سے سیاسی پناہ کی درخواست کی ہے ...

صوبائی دارالحکومت میں عید میلاد النبیؐ کے جلوس میں تیس لاکھ فرزندان توحید شریک ہونگے

مشایخ کے عظیم جلوس پر پھول برسائیں گے

لاہور ۔۔۔۔۔ (اشاعت خصوصی) لاہور میں عید میلاد النبیؐ کے مرکزی جلوس کے بانی الحاج محمد ... اللہ قادری ... نے کہا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو لاہور میں عید میلاد النبیؐ کے جلوس میں ۳۰ لاکھ فرزندان توحید شرکت کریں گے ...

TO A F

مجھے بھٹو سے صلاح مشورے کی اجازت دی جائے

سپریم کورٹ سے عبد الحفیظ پیرزادہ کی استدعا

سابق وفاقی وزیر رہائی کے بعد راولپنڈی پہنچ گئے

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر تعلیم مسٹر عبد الحفیظ پیرزادہ آج صبح راولپنڈی پہنچے۔ ہوائی اڈے پر پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے ان کا استقبال کیا مگر انہوں نے ... مسٹر بھٹو کے ایڈووکیٹ آن ریکارڈ ... نے مسٹر پیرزادہ کی طرف سے سپریم کورٹ میں ایک درخواست داخل کی ہے جس میں استدعا کی گئی ہے کہ مسٹر پیرزادہ کو مسٹر بھٹو سے صلاح مشورہ کرنے کی اجازت دی جائے۔



اکبر بگٹی کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے

کوئٹہ ۔۔۔۔۔ سمری سماعت کی ایک مقامی فوجی عدالت نے بلوچستان کے سابق گورنر سردار محمد اکبر بگٹی کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں ملزم کو ۱۹ جنوری کو عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا تھا مگر وہ حاضر نہ ہوئے۔ سمری فوجی عدالت کے ... اکبر بگٹی کی آئندہ پیشی کے لئے ۲۹ جنوری کی تاریخ مقرر کی گئی ہے اگر اس تاریخ کو بھی پیش نہ ہوئے تو ملزم کی عدم موجودگی میں ... کی جائے گی۔


ایرانی عوام اپنی تحریک کے سلسلے میں پاکستانی بھائیوں کی تائید و حمایت کیلئے شکر گزار ہیں

تحریک اسلامی کی کامیاب تکمیل کیلئے شیعہ سنی اتحاد کو اور مضبوط بنایا جائے

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کے نام ایران کے مذہبی رہنما آیت اللہ خمینی کا پیغام



آقائے خمینی کے نمائندے سی کے اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے



مولانا مودودی آقائے خمینی کے نمائندوں کو کتابوں کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

آقائے خمینی کے نمائندوں نے مولانا مودودی سے ملاقات کی اور انہیں خمینی کا سربمہر پیغام پیش کیا

لاہور ——— (سٹاف رپورٹر) ایران میں تحریک اسلامی کے قائد آقائے آیت اللہ خمینی نے مولانا مودودی کے نام اپنے پیغام میں ...

مولانا مودودی سے ملاقات کے بعد ڈاکٹر کمال اور مسٹر انجینئر محمد ... اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے آقائے خمینی کا سربمہر پیغام مولانا مودودی کے حوالے کیا ہے۔ اگرچہ وہ سربمہر ہے لیکن اس میں کوئی راز داری والی بات نہیں کیونکہ آقائے خمینی ایسے جو پیغامات بھیجتے ہیں ان کی کاپیاں بھی تقسیم کر دی جاتی ہیں ... انہوں نے بتایا کہ ایران کے تمام ... ایسے پیغامات اسلامی ممالک اور ایسے غیر اسلامی ممالک جہاں بڑی تعداد میں مسلمان ہیں کے علماء کو بھیجے ہیں اور ان کا مقصد پاکستان اس سلسلہ کی کڑی ہے۔

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ... آقائے خمینی ... انہوں نے کہا وہ نہیں سمجھ سکتے کہ کن لوگوں نے یہ غلط فہمی پیدا کی اور کیوں ... انہوں نے کہا کہ شاہ ایران کا ... حکومت کے خاتمے کے بعد ...

... ان آقائے آیت اللہ خمینی کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ اس موقع پر خمینی کے نمائندوں نے مختصر خطاب بھی کیا۔ جس میں انہوں نے مولانا مودودی کے نام پیغامات کے متن کو وہاں موجود لوگوں کو آگاہ کیا۔

بھارت پلاٹونیم کی تیاری میں خود کفیل ہو گیا ہے

نئی دہلی ——— (رپ پیام) بھارت کے ایٹمی توانائی کمیشن کے چیئرمین مسٹر ... نے گزشتہ روز حیدرآباد میں بتایا کہ ایٹمی پروگرام کے سلسلے میں بھارت نے خود کفالت حاصل کر لی ہے اور تیزی سے پیشرفت کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا بھارت یورینیم سے پلاٹونیم اور ایندھن خود تیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کوئی بھی ترقی پذیر ملک ایٹمی پروگرام میں بھارت کی ترقی دیکھ کر بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان ایٹمی کوششوں سے بھارتی عوام کی سائنسی اور فنی علوم سے دلچسپی کا خاطر خواہ اظہار ہو گیا ہے۔

صوبائی سطح پر اردو کو دفتری زبان کے طور پر رائج کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا

دفتری اصطلاحات کو اردو میں منتقل کیا جا چکا ہے

لاہور ——— (نامہ نگار) باوثوق ذرائع کے مطابق صوبائی محکموں میں اردو کو دفتری زبان کے طور پر رائج کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے ...

دفتری اصطلاحات کو اردو میں منتقل کرنے کا کام بھی مکمل کر لیا گیا اور اسے علم ہے کہ انگریزی زبان کی جگہ اردو دفتری زبان کی حیثیت اختیار کر لے گی۔

فرینکفرٹ میں پی آئی اے کے طیارے کو حادثہ

فرینکفرٹ ——— (رائٹر) پی آئی اے کا ایک طیارہ ہوائی اڈے پر اترتے ہوئے حادثے کا شکار ہو گیا ... طیارے کے مسافروں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا ... حادثے کے بعد ہوائی اڈہ پانچ گھنٹے کے لئے بند کر دیا گیا۔

جنرل ضیاء الحق کو میری جان بخشی پر آمادہ کیا جائے: کارٹر کے نام بھٹو کا خط

مجھے کچھ ہو گیا تو روس سیاسی گڑبڑ سے فائدہ اٹھا کر مداخلت کرے گا

بھٹو کی اپیل کا فیصلہ اسی ہفتے آنے والا ہے: پیپلز پارٹی کے رہنما روپوش ہو رہے ہیں: سنڈے ٹیلیگراف

لندن ——— بتایا جاتا ہے کہ سابق وزیر اعظم بھٹو نے امریکی صدر کارٹر کو خط لکھا ہے جس میں انہوں نے مدد طلب کی ہے کہ وہ جنرل ضیاء الحق کو ان کی جان بخشی کے لئے آمادہ کریں ...



میں نے ہاکی سے ریٹائرمنٹ کا قبل از وقت فیصلہ دباؤ کے تحت کیا ہے: اصلاح الدین

پاکپتن ——— (رپ پیام) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اصلاح الدین نے کہا ہے کہ انہوں نے ہاکی سے قبل از وقت ریٹائر ہونے کا فیصلہ دباؤ کے تحت کیا ہے۔ وہ یہاں اخبار نویسوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ ... انہوں نے اس امر پر بھی اظہار افسوس کیا کہ بنکاک کے چیمپئن شپ مقابلوں میں شاندار جیتنے والی قومی ٹیم کا وطن واپس پہنچنے پر مناسب استقبال نہیں کیا گیا۔

کرکٹ کو فروغ دینے کے اقدامات کئے جا رہے ہیں: اظہر خان

ماجد خان صحت یاب ہو گئے، نیوزی لینڈ میں کھیلیں گے

سیالکوٹ ——— ...



راولپنڈی میں صدر جنرل ضیاء الحق اور ... کے درمیان مذاکرات جاری ہیں



"In one Canada we are all equal"

ہماری سوسائٹی کو حقیقی معنوں میں آزاد بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہر کینیڈین شخص کے لیے مساوی مواقع مہیا ہوں۔۔۔۔ انھیں آگے بڑھنے، اپنے ملک کی، اپنی اور اپنی کمیونٹی کی خدمت کرنے کے مساوی مواقع دیئے جائیں۔

آپ کی کینیڈین حکومت اپنی ملٹی کلچرل ازم کی مستقل پالیسی کے ذریعے مساوی مواقع کے بنیادی حقوق کی نگہبان ہے اور اس کی ترقی میں مدد کرتی ہے۔ مختلف ملٹی کلچرل پروگراموں اور تحریکوں کے ذریعے۔۔۔۔ حکومت کے تمام محکموں کے کاروبار میں، عدلیہ میں، نیشنل بورڈ اور ایجنسیوں میں۔۔۔ کینیڈا مساویانہ حقوق پر توجہ دے رہا ہے اور یہ ہر فرد کی اپنی صلاحیتوں اور اپنے ہنر کی بنیاد پر بغیر کسی تعصب کے کیا جا رہا ہے۔

آپ کا ملٹی کلچرل ازم کا وزیر اس بات کا اہتمام کرنے کے لیے متعین ہے کہ تمام کینیڈین لوگ بلا لحاظ تہذیبی پس منظر مساوی مواقع سے بہرہ ور ہوں۔ وہ آپ کی مرکزی حکومت کے کاموں میں کلی صلاح دیتا ہے اور اس بات کی پوری کوشش کرتا ہے کہ تمام فیڈرل پالیسیوں میں ملٹی کلچرل ازم کا صحیح جذبہ موجود ہو۔ کینیڈا میں لوگ مختلف جگہوں سے آئے ہیں۔۔۔ اپنے ساتھ بہت سے کلچر اور صلاحیتیں لے آئے ہیں۔ یہی چیز کینیڈا کو ایک عظیم ملک بننے میں مدد دیتی ہے۔

جب تمام کینیڈین شہری، اپنی مختلف میراث کے ساتھ حقوق اور اختیارات میں مساوی حصہ لیتے ہیں تو ہم ایک مضبوط متحد اور صحیح معنوں میں جمہوری قوم بن جاتے ہیں۔

آپ کی حکومت کینیڈا کی ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی پر ثابت کرنے میں ایک اہم حصہ ادا کرتی ہے کہ اس متحد کینیڈا میں ہم سب برابر ہیں۔

اپنے خیالات کے اظہار یا معلومات کے لیے اس پتے پر لکھیے:

Multiculturalism
Ottawa, Ontario
K1A 0M5

Multiculturalism

unity through human understanding

Honourable Norman Cafik
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Norman Cafik
Ministre d'État
Multiculturalisme

حکومتِ پاکستان نے بھٹو دور کے طرزِ عمل کے بارے میں قرطاسِ ابیض کی

پہلی جلد شائع کر دی

ایوب خاں کو فیلڈ مارشل بنانے کی تجویز بھٹو نے پیش کی تھی

قرطاس ابیض کی پہلی جلد میں بھٹو کے وزیر بننے سے پہلے کے واقعات کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

راولپنڈی — (پپ) سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے دورِ حکومت میں بحیثیت صدر اور وزیر اعظم قومی خزانے سے کروڑوں روپے اپنی ذات اور اپنے خاندان پر ناجائز طور پر خرچ کئے ...

[illegible]


قرطاس ابیض میں اس بات کا بھی ثبوت فراہم کیا گیا ہے جس کے مطابق مسٹر بھٹو نے کراچی اور لاڑکانہ میں اپنے ذاتی مکانوں کو ... سرکاری اقامت گاہیں قرار دے کر ان پر ... لاکھ روپے خرچ کرائے ...

قرطاس ابیض میں عاید کردہ الزامات بے بنیاد ہیں : کوثر نیازی

مجھے قیمتاً بھی ریڈیو اور ٹی وی سے اپنے موقف کی وضاحت کی اجازت نہیں دی گئی

اسلام آباد — (پپ) پاکستان پیپلز پارٹی کے کنوینر مولانا کوثر نیازی نے قرطاس ابیض میں اپنے خلاف عاید کردہ الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے اور ان الزامات کے بارے میں اپنا موقف بیان کیا ہے ...

[illegible]



سکندر مرزا — بھٹو کی نظر میں

[illegible]

قرطاس ابیض

چند اہم نکات

[illegible]

ایران کے مستقبل کے بارے میں مذہبی رہنما آیت اللہ خمینی کے خیالات

ہماری حکومت اسرائیل کے مقابلے میں عربوں کا بھرپور ساتھ دے گی

نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک دور اور حضرت علیؓ کی خلافت راشدہ کی طرز پر اسلامی حکومت قائم کی جائے گی



ایران کی اقتصادی پالیسی ، اخلاقی اصلاحات ، عورتوں کے حقوق ، انسانی حقوق ، مذہبی قیادت پر الزامات ... اسلامی حکومت ...

[illegible]

حکومت کی سربراہی

[illegible]

حکومت کے لیے موزوں اور ایماندار افراد کا انتخاب کیا جائے گا

تیل کی قومی دولت کو

[illegible]

[illegible]

مسلمانوں اور مارکیٹ

افراد میں کسی صورت میں اتحاد نہیں ہو سکتا

[illegible]

بھٹو کا دست راست کھر اپنے عہد اقتدار میں دھونس دھاندلی اور ظلم کی علامت بن گیا تھا

اس نے اپنی بیوی بھائیوں اور دیگر رشتے داروں کی لاکھوں روپے کی اراضی فراڈ سے ہتھیا لی

[illegible]

پاکستان اور بھارت کے مسلمانوں میں گہرے تعلقات کی ضرورت ہے

جنتا حکومت نے وعدے پورے نہ کیے تو اس کی حمایت نہیں کی جائیگی: امام عبداللہ شاہ بخاری

[illegible]

مجھے شدید اذیتیں دی گئیں پانی مانگنے پر پیشاب پلایا گیا برف کی سل پر لٹایا گیا، دریا میں غوطے دیے گئے

تشدد کر کے کہا جاتا: "کہو تمہیں ولی خان بم سپلائی کرتا ہے"



چار برس تک ظلم و تشدد کا نشانہ بننے والے سبز علی شاہ کی روداد

[illegible]

Introduce

Crescent To A friend



بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

شمالی امریکہ میں اُردو کا سب سے پہلا اور وسیع الاشاعت اخبار

کریسنٹ

پندرہ روزہ — انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد : ۷ | ۴ ربیع الاول ۱۳۹۹ھ | یکم فروری ۱۹۷۹ء | شمارہ : ۲۲

اِنتخابات اِسی سال ہونگے عدلیہ اور فوج نگرانی کریگی

پولنگ میں دھاندلی پر خصوصی عدالتیں موقع پر ہی سزا سنائیں گی

آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرانا میرا فرض ہے : جسٹس مولوی مشتاق حسین

لاہور — (ریپ ریپ) چیف الیکشن کمشنر مسٹر جسٹس مولوی مشتاق حسین نے کہا ہے کہ عام انتخابات ہر صورت میں اسی سال کے دوران کرائے جائیں گے اور الیکشن کمیشن اس سلسلے میں ضروری تیاریاں مکمل کرنے کے لئے دن رات کام کر رہا ہے۔ آج ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ عام انتخابات براہ راست فوج اور عدلیہ کی نگرانی میں ہوں گے تاکہ مکمل آزادانہ اور غیر جانبدارانہ پولنگ کی ضمانت دی جا سکے۔

چیف الیکشن کمشنر نے بتایا کہ پولنگ کے وقت پولنگ سٹیشنوں کے اندر فوج متعین کی جائے گی تاکہ ووٹر پر امن فضا میں اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولنگ میں دھاندلی کی روک تھام کے لئے خصوصی عدالتیں قائم کی جائیں گی جو موقع پر سزا سنائیں گی۔ ضرورت پڑنے پر ان عدالتوں میں فوجی افسروں کو بھی شامل کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے اس بات کا پورا انتظام کیا ہے کہ کسی قسم کی دھاندلی نہ ہونے پائے۔ اس مقصد کے لئے جو اقدامات کئے گئے ہیں ان میں بعض افراد کے مطالبے پر انتخابی فہرستوں میں نام درج کرانے کے طریقہ کار کی تبدیلی کے بارے میں انہوں نے کہا میرے خیال میں یہ بات درست اور قابل عمل ہے مگر عوام کے اطمینان کے لئے یہ مطالبہ پورا کر دیا گیا ہے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاں تک ووٹر کی پوری طرح شناخت کی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات کا کوئی علم نہیں کہ فارم سندھی زبان میں چھاپنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

پاکستان کو طیاروں کی فروخت میں ۱۲/۱ لاکھ ڈالر کمیشن دی گئی

لندن — (ریپ ریپ) امریکہ کی طیارہ ساز کمپنی میکڈونلڈ ڈگلس نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اس نے ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۶ء کے دوران طیاروں کی فروخت کے سلسلے میں ایک کروڑ پچاس لاکھ ڈالر کی رشوت دی جس میں سے پاکستان کو ۱/۱۲ لاکھ ڈالر دیئے گئے۔ ... گزشتہ سال بھی اسی قسم کا انکشاف ہوا تھا ... طیاروں کی فروخت کے دوران رشوت کے طور پر بھاری رقوم دی گئیں۔ ... اور سال کی جائیگی۔

لسانی و معاشرتی اختلافات کے باوجود پاکستان میں صرف ایک قوم بستی ہے : بیگم نسیم ولی خان

انتخابات کے انعقاد کی حتمی تاریخ مقرر کی جائے۔ موجودہ کابینہ کی موجودگی میں آزادانہ انتخابات نہیں ہو سکتے

فیصل آباد — (نمائندہ خصوصی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی نائب صدر بیگم نسیم ولی خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں چار قومیتوں کا کوئی تصور موجود نہیں ہے یہاں صرف ایک قوم بستی ہے چاروں صوبوں میں رہنے والے لوگ سچے محب وطن پاکستانی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں بار ہال میں ... سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ چاروں صوبوں میں رہنے والوں کی روایات، رہن سہن کے طریقے اور زبانیں مختلف ہیں لیکن وہ سب ایک قوم ہیں۔ بیگم نسیم ولی خان نے پاکستان قومی اتحاد پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ ... شامل ہونے والوں نے ... مارشل لاء کی حکومت کی مدت میں اضافہ کیا ہے ... منصفانہ انتخابات نہیں ہو سکتے۔ ... انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد کو حکومت میں شریک ہوئے پانچ ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے مگر ابھی تک ایک مسئلہ بھی حل نہیں ہوا۔ ملک ترقی کی بجائے تنزلی کی جانب جا رہا ہے۔ بیگم نسیم ولی خان نے کہا کہ موجودہ مارشل لاء کا قیام ... انہوں نے کہا کہ انتخابات کی حتمی تاریخ کا اعلان بہت ضروری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ انتخابات کی حتمی تاریخ کا اعلان کیا جائے اور سیاسی پابندیاں ختم کی جائیں۔ قومی اتحاد سے علیحدگی سے متعلق ایک سوال کے جواب میں بیگم نسیم ولی خان نے کہا کہ ہم نے اتحاد کو نہیں چھوڑا ... انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت بے شمار مسائل سے دوچار ہے ... انہوں نے کہا کہ اگر اس ملک میں ... کام کا دور دورہ ہو جائے گا تو تمام تعصبات ختم ہو جائیں گے ملک سے بھوک اور جہالت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ... انہوں نے کہا کہ ہمیں ... فرسودہ نظام کو بدلنا ہو گا اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہو گا ... بیگم نسیم ولی خان نے کہا کہ بھٹو کا سات سالہ عہد پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین اور بدترین دور حکومت تھا۔

چین نے بھارت کے خلاف پاکستان کی مکمل حمایت کا واضح یقین دلایا ہے

لی سین نین کا دورۂ پاکستان بہت اہمیت کا حامل ہے : بی بی سی

پاکستانی حکام کے ساتھ چینی نائب وزیر اعظم کے اہم صلاح مشورے ہوئے ہیں

راولپنڈی — (بی بی سی) ایران اور افغانستان کی موجودہ صورت حالات کے پیش نظر نائب وزیر اعظم چین کا دورۂ پاکستان بہت اہمیت کا حامل ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے نے آج اپنے نامہ نگار کے حوالے سے تبصرے میں کہا ہے کہ پروگرام کے تحت مسٹر لی سین نین کو کراچی میں مختصر قیام کرنا تھا مگر ایران اور افغانستان کی صورت حال کے پیش نظر اپنے قریبی دوست پاکستان کے ساتھ صلاح مشورے کے لیے انہوں نے تین روزہ دورے کا پروگرام بنایا۔ نامہ نگار کے مطابق پاکستانی حکام کے ساتھ ان کے اہم صلاح مشورے ہوئے ہیں۔ گزشتہ شب صدر ضیاء الحق کے عشائیے میں نائب وزیر اعظم چین کی تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے بی بی سی کا کہنا ہے کہ مسٹر لی سین نین نے کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کی مکمل حمایت کی اور پاکستان کی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ اس طرح انہوں نے بھارت کے خلاف پاکستان کی اس انداز میں واضح حمایت کر دی ہے جس طرح چینی حکام اب تک کرتے رہے ہیں۔

پاکستان نے نیوزی لینڈ سے ٹیسٹ میچ جیت لیا

باہر شہرہ (شمالی نیوزی لینڈ) — ... پاکستان کرکٹ ٹیم نے آج نیوزی لینڈ کی سنٹرل ڈسٹرکٹ ٹیم کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے دی۔ ... پہلی اننگز ... وکٹوں پر ۲۶۷ اور دوسری اننگز میں ۱۵۲ رنز جبکہ پاکستان نے ... وکٹوں پر ۳۴۴ اور دوسری اننگز میں دو وکٹوں پر ... رنز بنائے۔

تحریک استقلال کی مرکزی قومی کونسل کا اجلاس شروع ہو گیا

اصغر خان کو دوبارہ تحریک کا مرکزی صدر منتخب کر لیا

لاہور — (نامہ نگار) ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان کو آج بلا مقابلہ تحریک استقلال کا مرکزی صدر منتخب کر لیا گیا وہ اس عہدے کے لئے واحد امیدوار تھے۔ مسٹر مشیر پیش امام کثرت رائے سے پارٹی کے سیکرٹری جنرل منتخب کئے گئے ہیں انہوں نے پارٹی کی مرکزی قومی کونسل کے ... ارکان میں سے ... ووٹ حاصل کئے ان کے مقابلے پر دو امیدواروں مسٹر آصف فصیح الدین وردگ نے ... اور سید واجد علی رضوی نے ... ووٹ حاصل کئے۔ مسٹر مشیر پیش امام کا ایک ووٹ مسترد کر دیا گیا۔

تحریک استقلال پاکستان کی مرکزی قومی کونسل کا اجلاس آج صبح دس بجے پارٹی کے صدر دفتر میں شروع ہوا۔ الیکشن کمیٹی کے چیئرمین خواجہ محمد افضل نے صدارت کی۔ قومی کونسل کا یہ دو روزہ اجلاس تحریک استقلال کے حالیہ انتخابات کے سلسلے میں منعقد ہو رہا ہے۔ اجلاس کے پہلے دن صبح کے سیشن میں بلوچستان تحریک استقلال کے جنرل سیکرٹری مسٹر علی محمد کرد، بیگم مہناز رفیع، مسٹر محمد میاں سومرو اور سید شیر شاہ کے علاوہ سیکرٹری جنرل کے تینوں امیدواروں مسٹر مشیر پیش امام، آصف وردگ اور واجد رضوی نے تقریریں کیں۔ ... مرکزی کونسل کے ... ممبروں میں سے ... نے شرکت کی ... سیکرٹری جنرل کے انتخاب میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ اجلاس میں شرکت کرنے والوں ... صوبہ سرحد کے ۵۵ میں سے ۵۱، پنجاب کے ۹۳ میں سے ۵۰ ... بلوچستان کے ... چاروں صوبوں اور ... کے چیئرمین ... جنرل سیکرٹریوں کے علاوہ اضلاع کی تنظیموں کے چیئرمین ...



سیکرٹری جنرل کے عہدہ کے لئے تحریک کی مرکزی قومی کونسل کے ... تحریک استقلال برطانیہ کے صدر مسٹر ظہور الدین بٹ اور ایک دوسرے کونسلر اجلاس میں شرکت کے لئے خاص طور پر لندن سے آئے تھے ... امیدواروں نے ... تحریری ووٹ ... مگر پارٹی کے الیکشن کمشنر خواجہ محمد افضل نے ان تحریری ووٹوں کو گنتی میں شامل کرنے سے انکار کر دیا۔



جیل میں بھٹو کی حالت تشویشناک ہے

چائے پینا بھی چھوڑ دی ہے کھڑے بھی نہیں ہو سکتے : بیگم نصرت بھٹو

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) بیگم نصرت بھٹو نے آج یہاں ڈسٹرکٹ جیل میں اپنے شوہر ذوالفقار علی بھٹو سے ملاقات کی جو تقریباً دو گھنٹے تک جاری رہی۔ بیگم بھٹو ہفتے میں ایک دن ... اپنے شوہر سے ملاقات کرتی ہیں گزشتہ ہفتے وہ ... صحت سے ... نہیں ... موسم کی خرابی کی وجہ سے ان کا طیارہ پنڈی نہ پہنچ سکا تھا۔ ... بیگم بھٹو نے بتایا کہ سپریم کورٹ ... مسٹر بھٹو ... بیگم بھٹو نے بتایا کہ جیل میں مسٹر بھٹو کی حالت تشویشناک ہے وہ کھڑے بھی نہیں ہو سکتے ... انہوں نے چائے پینا بھی چھوڑ دی ہے۔ ... بیگم نصرت بھٹو ... جیل سے باہر آئیں تو ... پریشان ...